© rasailojaraid.com



**برکات درود شریف** | ترتیب وتالیف۔ مولانا ابوالمظفر ظفر احمد قادری۔ صفحات ۱۲۸ قیمت درج نہیں۔

ناشر۔ مکتبہ قادریہ، واہگہ۔ لاہور

درود شریف، اس کی فضیلت واہمیت، برکات وثمرات اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق ومحبت میں اس کی اثر انگیزی "برکات درود شریف" کا موضوع ہے۔ طرز تحریر سلیس، سہل، دلچسپ اور عام فہم ہے۔ مولانا ابوالمظفر ظفر احمد قادری کی جملہ تصانیف کی یہی سب سے بڑی خصوصیت ہے۔

پیش نظر کتابچہ تو گویا عشق ومحبت کا ایک حسین گلدستہ ہے خدا کرے کہ لوگ اس سے زیادہ سے زیادہ نفع اٹھا سکیں۔ باری تعالیٰ مؤلف کی مساعی کو قبول فرمائے اور ان کی قلم میں مزید برکت دے۔ کہ وہ زیادہ سے زیادہ دین کی خدمت کر سکیں۔

**فضائل اہل بیت** | ترتیب۔ مولانا ابوالمظفر ظفر احمد قادری۔ صفحات ۱۲۸ قیمت درج نہیں۔

ناشر۔ مکتبہ قادریہ، واہگہ، لاہور

حکیم الامت حضرت تھانویؒ کا ارشاد ہے، کہ اہل بیت اور حضرات صحابہؓ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو چونکہ سرور دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دینی اور دنیوی دونوں طرح کا تعلق ہے اس لئے آپؐ کے حق میں ان حضرات کے حقوق بھی داخل ہیں۔ وہ یہ ہیں کہ ان حضرات کی اطاعت کرے، ان حضرات سے محبت رکھے، ان کے عادل ہونے کا یقین رکھے، ان سے محبت رکھنے والوں سے محبت اور ان سے بغض رکھنے والوں سے بغض رکھے۔ مولانا ابوالمظفر ظفر احمد قادری نے اس حقیقت کو سامنے رکھ کر عامۃ المسلمین کے نفع عام کے پیش نظر فضائل اہل بیت پر مستقل رسالہ لکھ دیا ہے جس میں اولاً فضائل اہل بیت پھر امہات المومنین کا ذکر خیر، پھر چاروں صاحب زادیوں کا تذکرہ، پھر حسنینؓ، حضورؐ کے عم محترم حضرت حمزہ رضؓ اور حضرت عباسؓ کا تذکرہ تحریر فرمایا ہے۔ پھر ان صحابہ رضؓ کا ذکر ہے جن کو آپؐ نے اہل بیت فرمایا۔ کتاب کے مطالعہ سے اہل بیت عظام کی عظمت ومحبت اور اطاعت کے جذبات کی انگیخت ہوتی ہے۔ مولانا موصوف کی دونوں گراں قدر کتابیں مندرجہ پتہ پر دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیجکر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کوئی قادیانی
استاذ اسلامیات کا مضمون نہیں پڑھا سکتا
اس پر عمل درآمد ہر مسلمان عاشق رسولؐ کا دینی فریضہ ہے
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت مرکزی دفتر حضوری باغ روڈ ملتان، پاکستان

© rasailojaraid.com